Digitized by Khilafat Library Rabwah

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۹۵ | ہندوستان بھر کے سکھوں اور آریوں میں تبلیغ اسلام کے اہم فرائض کو بجالانیوالا واحد اخبار | Regd. L No. 2595

ضوابط

چندہ سالانہ عوام سے ایک روپیہ آٹھ آنے
" ششماہی " " چودہ آنے
" سالانہ سرپرستوں سے عہ
" " امراء " مہ
" " غیر ممالک سے
آٹھ شلنگ

یھدی اللہ لنورہ من یشاء

ہر ماہ کی ۳ کو شائع ہوتا ہے

مقاصد

۱۔ اسلام کی خوبیوں اور برکات کا ذکر کرنا اور دیگر مذاہب پر اس کی فضیلت ظاہر کرنا۔

۲۔ غیر مذاہب میں تبلیغ اسلام کے اہم فرائض کو ادا کرنا

۳۔ دیگر مذاہب کے حملوں کا کامل اور صحیح جواب دینا۔

۴۔ راعی اور رعایا کے تعلقات کو مضبوط اور مستحکم بنانا

جلد ۲۶ | اخبار نور قادیان دارالامان مورخہ ۳ مارچ ۱۹۳۷ء مطابق ۱۹ ذوالحجہ ۱۳۵۵ھ | نمبر ۱۳

اب تو کوئی گلہ نہ ہونا چاہئے

گذشتہ دنوں مجھے چند دوستوں نے یہ لکھا کہ اخبار نور جو کسی وقت غیر مذاہب میں تبلیغ کا زبردست آرگن تھا۔ اب یہ دیکھ کر تکلیف ہوتی ہے۔ کہ بعض دفعہ ادویہ کے اشتہار کا ذریعہ بن رہا ہے۔ بے شک ایک حد تک یہ بات صحیح ہے مگر اسکی ذمہ داری مجھ پر نہیں بلکہ قوم پر ہے۔ جنے ایسے بلنظر تبلیغی حربہ کی جانب سے کافی حد تک آنکھیں پھیر لیں حالانکہ نور کے تبلیغی مضامین اور اسکے عملی کارناموں کے اور تو اور دشمن بھی معترف ہیں۔ میں یہ بات کسی بڑائی کیلئے نہیں بلکہ تحدیث بالنعمت کے طور پر کہتا ہوں کہ آریوں کے متعلق عموماً اور سکھوں کے متعلق خصوصاً جو نور نے تبلیغی مٹیریل مہیا کیا ہے اس سے بڑھکر نور کو خوشی ہوگی۔ اگر کوئی یہ ثابت کردے کہ کسی نے اس مٹیریل پر اضافہ کیا ہو خیر گذشتہ را صلوات کہتے ہوئے اب میں ناظرین کو ایک اور موقعہ دیتا ہوں وہ یہ کہ میں اب بطور آزمائش قریباً چار ماہ تک اپنے اخبار میں ادویہ کا کوئی غیر معمولی یا دو صفحہ سے زیادہ اشتہار نہیں دونگا اور حجم ۱۶ صفحوں سے کم نہ ہوگا۔ اور ان چار ماہ میں نور کی قیمت بھی بجائے تین روپیہ کے ایک روپیہ آٹھ آنے سالانہ کرتا ہوں اور پھر خریداروں کو ان کتابوں سے ایک روپیہ آٹھ آنے کی کتابیں جنکا اشتہار اسی اخبار کے صفحہ ۱۶ پر درج ہے۔ مفت دیجائینگی گویا اخبار دوستوں کو مفت ملیگا۔

اگر اس چار ماہ کے عرصہ میں نور کے ایک ہزار خریدار ہو گئے۔ تو میں یہ وعدہ کرتا ہوں۔ کہ آئندہ اسے اشتہار کا ذریعہ نہیں بنایا جائیگا۔ اور نور کی قیمت بھی ہمیشہ کے لئے ایک روپیہ آٹھ آنہ ہی رہیگی۔ اور اس کے ساتھ ایک روپیہ آٹھ آنہ کی کتابیں بھی مفت ملا کریں گی۔ اب دوستوں کا یہ فرض ہے۔ کہ وہ اس چار ماہ میں نور کی اشاعت کو ایک ہزار تک پہنچا دیں۔ اور جو سہولتیں دی گئی ہیں۔ ان کو مدنظر رکھتے ہوئے اگر وہ ذرا بھی ہمت سے کام لیں تو چار ماہ میں کیا ایک ماہ میں ہی نور کی خریداری ایک ہزار تک پہنچ سکتی ہے اگر اب بھی دوستوں نے نور جیسے مجاہد اور غازی پرچہ کی تو سیع اشاعت اور اعانت سے گریز کیا تو پھر کم از کم ایڈیٹر نور بری الذمہ ہوگا۔

دوستوں کے جواب باصواب کا منتظر

ایڈیٹر اخبار نور قادیان ضلع گورداسپور۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ہندو لیڈروں کا اعتراف

ہندوؤں کی طرف سے عموماً اور ہندوؤں کے فرقہ آریہ کی طرف سے خصوصاً نہایت شد و مد سے یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ "اسلام بزور شمشیر پھیلا"۔ مگر جب واقعات کی کسوٹی پر ہم اس الزام کو پرکھتے ہیں تو یہ صریح بہتان ثابت ہوتا ہے۔ اگر کوئی مسلمان یہ کہے کہ اسلام بزور شمشیر نہیں پھیلا۔ تو ہو سکتا ہے غیروں کی نظر میں اس کی چنداں وقعت نہ ہو۔ مگر جب واقعات اور پھر اس کے ساتھ غیروں کی زبانیں بھی اس امر کا اعتراف کریں کہ اسلام بزور شمشیر نہیں بلکہ اپنی سلامت روی اور برکات کے ذریعہ پھیلا۔ تو پھر اس صورت میں ایک متعصب شخص کو بھی اس کا اعتراف کرنا ہی پڑے گا۔

۲۳ فروری کے "پرتاپ" میں ایک صاحب مسٹر جے۔ ایم بنیرجی کا ایک مضمون بعنوان "ہندو دھرم مردہ ہے" شائع ہوا ہے اس میں یہ صاحب لکھتے ہیں کہ:۔ "ساٹھ سال پہلے بنگال میں ہندوؤں کی آبادی مسلمانوں کی آبادی سے بہت زیادہ تھی۔ مگر آج ہندو لوگ بنگال کی کل آبادی کا بیالیس ۴۲ فیصدی ہیں"۔

اب سوال یہ ہے کہ اس ساٹھ سال کے عرصہ میں بنگال پر کونسا جابر اور قاہر مسلمان بادشاہ چڑھ کر آیا۔ جس نے ہندوؤں کو تلوار کے زور سے اسلام قبول کرنے کے لئے مجبور کیا۔ ماننا پڑے گا کہ اس عرصہ میں نہ صرف یہی کہ کوئی مسلمان بادشاہ بنگال میں وارد نہیں ہوا۔ بلکہ یہ ساٹھ سال کا زمانہ وہ زمانہ ہے۔ جبکہ کیا ثروت کے لحاظ سے کیا تمدن کے لحاظ سے اور کیا معاشرت اور کیا مجلسی نقطۂ خیال سے مسلمانوں کی حالت دگرگوں ہے۔ اس انحطاط کے زمانہ میں بنگال میں بغیر کسی تبلیغی جد جہد کے اسلام کا اسقدر ترقی کر جانا یہ اس بات کی صریح دلیل ہے کہ اسلام ہمیشہ ہی اپنی سلامت روی اپنے فیوض اور اپنے برکات اور اپنی ہمدردی کی وجہ سے پھیلا اور پھیل رہا ہے۔ یہی صاحب اسی مضمون میں آگے جا کر دوسری جگہ لکھتے ہیں:۔

"اگر ہم سارے ہندوستان کی آبادی کے اعداد و شمار پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ جہاں پچاس برس پیشتر ہندو ہندوستان کی کل آبادی کا ۷۵ حصہ تھے۔ وہاں آجکل صرف ۷۲ حصہ رہ گئے ہیں"۔ اب مقام غور ہے کہ اس پچاس سال کے عرصہ میں ہندو بلحاظ ثروت بلحاظ تمدن ترقی کی شاہراہ پر قدم زن رہے ہیں۔ مگر مسلمانوں کا معاملہ اس سے مختلف رہا ہے۔ مگر باوجود اس حالت کے پھر ہندوؤں کا دن بدن کم ہوتے جانا اور مسلمانوں کا دن بدن باوجود انحطاط اور پھر بغیر کسی تبلیغی سعی کے ترقی کرتے جانا اس میں ضرور کوئی بات ہے۔ اور وہ بات یہی ہے کہ اسلام بہترین رنگ میں مخلوق کا ہمدرد واقع ہوا ہے اسلام ہی ایک وہ مذہب ہے۔ جو انسان کو انسانیت کا درجہ دیتا ہے۔ کیونکہ اسلام میں کوئی شودر نہیں اور کوئی برہمن نہیں سب بھائی بھائی ہیں۔ جس نے کلمہ طیبہ پڑھا اور اپنی زبان سے مسلمان ہونے کا اعتراف کیا وہ عرف عام میں مسلمان کہلائیگا۔ اور اسلامی شریعت میں اس کے حقوق وہی ہوں گے جو ایک قدیمی مسلمان کے ہیں۔ اور پھر اسلام میں وہی معزز ہے۔ جو نیکیوں میں زیادہ بڑھا ہوا ہے۔ مصداق نہیں خواہ وہ کوئی ہو۔ اسلام کی تعلیم ہے اکرمکم عند اللہ اتقاکم یعنی وہی معزز ہے جو پرہیزگاری میں بڑھا ہوا ہو۔ یہ نہیں اکرمکم عند اللہ سیدکم یا اکرمکم عند اللہ برھمنکم۔ اسی طرح اسلام غیر معمولی خوبیاں اپنے اندر رکھتا ہے۔ جو لوگوں کے لئے غیر معمولی کشش کا موجب ہیں۔

یہ کہنا بہت آسان ہے کہ اسلام بزور شمشیر پھیلا۔ مگر قابل غور بات یہ ہے کہ شروع میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کا پیغام مخلوق کو دیا تو اسوقت حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم اکیلے اور بالکل بے یار و مددگار تھے۔ اس وقت کس خاردار شمشیر نے اکھڑ۔ اُجڈ اور وحشی عربوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جھکا دیا۔ وہ عرب جو ہندوؤں سے بڑھ کر جمود پسند تھے۔ وہ عرب جو خواب میں بھی کسی کی برتری کو گوارا نہ کر سکتے تھے۔ وہ عرب جو اسوقت نیکی سے اتنے ہی دور تھے جتنا کہ زمین سے آسمان۔ وہ عرب قتل و غارت جن کا معمولی شغل تھا۔ ایسی حالت میں بظاہر ایک بے زر اور بے پر شخص کا کھڑا ہو کر اسلام کا پیغام دینا جبکہ عربوں کے روزمرہ کے مشاغل اسے ایک منٹ کے لئے بھی برداشت کرنے کے لئے تیار نہ تھے اسے کس چیز نے عربوں کو تسلیم کرنے کے لئے مجبور کیا؟ اگر میں یہ کہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قوت قدسی نے۔ تو عین مناسب ہوگا مگر متعصب طبائع جو بسا اوقات ایک معقول بات کو بھی ماننے سے گریز کرتی ہیں۔ ان کے لئے اس سے بھی زیادہ کی ضرورت ہے۔ لہذا اس کے لئے میں ایک آریوں کے لیڈر کی ہی گواہی پیش کرتا ہوں۔ چنانچہ پنڈت رام دیو صاحب گورنر گورو کل کانگڑی و پریزیڈنٹ آریہ پرتھی ندھی سبھا پنجاب نے نومبر ۱۹۲۱ء میں لالہ راجپت رائے آبخہانی کی زیر صدارت ایک لیکچر دیا۔ جس کا کچھ اقتباس ۱۰ نومبر ۱۹۲۱ء کے پرکاش سے لیکر یہاں درج کیا جاتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:۔

"چھٹی صدی میں عرب کی اخلاقی حالت بہت خراب تھی کوئی باشندہ عرب مرجاتا تھا تو اپنی عورتیں بطور ورثہ چھوڑ جاتا تھا۔ جن کے ساتھ بعد میں اس کا بیٹا سوائے اس عورت کے جس کے پیٹ سے وہ پیدا شدہ ہو باقی سب عورتوں کو اپنی بیویاں بنا لیتا تھا۔ عرب قوم میں اتفاق کا نام و نشان تک نہ تھا۔ یہ لوگ آپس میں ایک دوسرے کے گلے کاٹا کرتے تھے خیال تھا کہ یہ قوم کبھی اٹھ نہیں سکتی۔ لیکن دنیا کی تاریخ میں یہ ایک معجزہ ہے کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اس قوم میں ایک جان ڈالدی۔ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے انھیں سکھایا کہ بت پرستی چھوڑ دو اور ایک خدا کی پوجا کرو۔ حضرت محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کے صرف تیس ۳۰ معاون تھے۔ ان کی جاتی (قوم) قریش ان کی سخت دشمن تھی یہاں تک کہ انھیں مکہ سے مدینہ جانا پڑا۔ لیکن مدینہ میں بیٹھے ہوئے حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ان میں جادو کی بجلی بھر دی وہ بجلی انسانوں کو دیوتا بنا دیتی ہے۔ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے یہ بجلی راجوں مہاراجوں میں نہیں بھری۔ بلکہ عام لوگوں میں۔ یہ غلط ہے کہ اسلام تلوار سے پھیلا ہے اگر مذہب تلوار سے پھیل سکتا ہے تو مجھے کوئی پھیلا کر تو دکھلائے۔ حضرت محمد صاحب (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اہل عرب میں کس قسم کا وشواش (یقین) بھر دیا تھا۔ اس کی ایک مثال سنیئے۔ ایک غلام جو مسلمان ہو چکا تھا اس کا آقا دھوپ میں بٹھا کر اس کی چھاتی پر پتھر رکھ کر پوچھا کرتا تھا کہ بتا تو محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کو چھوڑے گا یا نہیں؟ لیکن غلام صاف انکار کر دیتا تھا۔ حضرت محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) پر ایک شخص نے تلوار سے حملہ کیا۔ اور پوچھا کہ بتا اب تمہیں کون بچائے گا؟ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے کہا کہ میرا خدا۔ پھر حضرت محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) نے وہی تلوار حملہ آور سے چھین کر اس پر حملہ کرنا چاہا۔ اور پوچھا کہ بتا اب تمہیں کون بچائے گا۔ تو وہ گڑگڑا کر کہنے لگا کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ہی بچائیں تو بچائیں۔ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اورنگ زیب عالمگیر کا روشن پہلو!

بے تعصبی کی زندہ مثال

ڈیڑہ دون گوردوارہ رائے کا گردوارہ

جس کے بلند مینار اور خوشنما گنبد پہلی نظر میں مسجد کا شبہ دلاتے ہیں۔ کیونکہ وہ ایک عادل مسلمان شہنشاہ کا بنوایا ہوا ہے۔ ہم نے بچشم خود دیکھا وہ جو لوگ بادشاہ معظم کو تعصب سے دیکھتے اور جو چاہتے ہیں خطاب دیتے ہیں۔ وہ بادشاہ مکرم جس نے اورنگ زیب نام اور عالمگیر عرف پایا۔

گردوارے کی شاہی عمارت نہایت شاندار ہے۔ وسط میں بلند کرسی پر ایک گنبد ہے جس میں گورو کے خاص تبرکات ہیں۔

چاروں کونوں پر چھوٹی چھوٹی چار برجیاں ہیں۔ جو چلہ کشوں کے لئے عمدہ جگہ متصور ہوتی ہے۔ تہ نشین میں چار بڑے بڑے گنبد اور بھی ہیں جو ایک ایک گورو کے نام سے موسوم ہیں۔ ایک سہ دری میں فارسی نظم اس عمارت کی مختصر تاریخ سنا رہی ہے۔ اس کے بعض حروف اڑ گئے۔ قلت فرصت کے باعث ہم اس طویل نظم کو نقل نہ کر سکے۔ مگر اتنا معلوم ہوا۔ کہ گوردرام رائے نے ۱۰۹۹ھ میں انتقال کیا۔

شہنشاہ اورنگ زیب کی عطا کردہ سند والی بانسبیریا کو

بنگلی ڈسٹرکٹ لائبریری کانفرنس منعقدہ بانسبیریا میں دستی تحریرات کتب اور دیگر مسئلہ دارالکتب کی ۷ اپریل کو نمائش کی گئی۔ نمائش کی دلچسپ ترین چیز اس سند کی فوٹو شدہ تصویر تھی جو شہنشاہ اورنگ زیب نے راجہ رامیشور رائے مہاسائی والئے بانسبیریا کو ۱۰ صفر سنہ ۱۰۹۰ھ کو راجہ مہاسائی کا موروثی خطاب عطا کرتے وقت عطا کی تھی۔ یہ سند راجہ کشتیدر وپ رائے مہاسائی نے نمائش بانسبیریا میں بھیجی تھی جو آج کل اس سند کا مالک ہے۔

مندروں گرجاؤں کو جاگیریں دیں

ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے جرنل (رسالہ) کے ایک نمبر میں ایک بنگالی وکیل صاحب نے شہادت دی ہے۔ کہ انہوں نے بنارس کے ایک پنڈت صاحب کے پاس ایک فرمان شاہی شہنشاہ اورنگ زیب کا دیکھا۔ کہ جس میں بنارس کے ایک مندر کے متعلق جاگیر دی گئی ہے۔ افسوس کہ اس رسالہ کا وہ نمبر راقم الحروف سے گم ہو گیا ہے۔) اور اسی طرح پر آگرہ کے رومن کتھالک پادریوں کو آگرہ کے گرجا کے متعلق مسلمان سلاطین نے جاگیریں عطا کی تھیں۔

عالمگیر اعظم پر افترا

تاریخ ملتان میں اورنگ زیب کا ذکر بھی ہے۔ اور جہاں کہیں ہے۔ تعصب کے اس ہمہ گیر مگر فرضی الزام کے ساتھ ہے جو کوتاہ بین غیر مسلم مصنفوں کا خاصہ ہے۔ چنانچہ صفحہ ۴۷ پر مذکور ہے۔ کہ۔

"اورنگ زیب ۱۷۰۷ء میں مراد بڑا ظالم سفاک اور سخت متعصب و خود غرض بادشاہ تھا۔ اس کی ان باتوں کی وجہ سے تمام زندگی سخت تفکرات میں گزری۔ ایک طرف سیواجی مرہٹہ نے دوسری طرف درگا داس راٹھور نے تیسری طرف مہارانا راج سنگھ والئے ادے پور نے خونریز لڑائیوں سے اس کو سخت پریشان بنا رکھا تھا۔ اس کے زمانہ میں سلطنت مغلیہ کو بہت ضعف پہنچا کئی صوبے آزاد اور خود مختار ہو گئے"

حالانکہ واقعات اس کے خلاف پکار پکار کر کہہ رہے ہیں۔ کہ وہ ایسا آدمی نہیں تھا چنانچہ اسی کتاب صفحہ ۹۶ پر مذکور ہے۔ کہ "اورنگ زیب نے مندر تو تلائی کے لئے ایک سو روپیہ سالانہ کی معافی منظور فرمائی جو مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانہ تک برابر جاری رہی۔

اسی صفحہ پر مندر رام کا ذکر ہے۔ جس کے لئے اکبر اعظم نے بہت سی زمین بطور معافی عطا کی تھی۔ اور جس کو اورنگ زیب نے بھی اپنے عہد حکومت میں برابر جاری رکھا تھا۔ کیا ایسے حقائق کے ہوتے ہوئے اسے تعصب کہنا واقعات کو جھٹلانا نہیں؟

عالمگیر کا ایک ہندو بڑھیا سے سلوک

سنہ ۱۷ جلوس کا واقع ہے۔ کہ عالمگیر نے حسن ابدال کا سفر کیا اتفاق سے باغ میں قیام کیا۔ دیوار کے نیچے ایک بوڑھیا کا مکان تھا۔ اس کی ایک پن چکی تھی۔ اور باغ کے پانی سے چلتی تھی۔ باغ بھی شاہی اور پانی بھی سرکاری تھا۔ شاہی خدام نے پانی روک دیا اور پن چکی بند ہو گئی۔

واضح رہے کہ بوڑھیا مسلمان نہیں۔ بلکہ ہندو تھی عالمگیر کو خبر ہوئی تو فوراً پانی کھلوا دیا۔ جب خاصہ پر بیٹھا تو بڑھیا یاد آئی۔ کچھ کھانے کا سامان اور پندرہ اشرفیاں شیخ ابوالخیر کو دیں کہ جا کر بوڑھیا کو دے آؤ اور میری طرف سے معذرت کرو کہ افسوس ہمارے آنے کی وجہ سے تم کو تکلیف ہوئی برائے خدا معاف کرو۔

اس پر بھی دل مطمئن نہ ہوا تو صبح پالکی بھیج کر اس بڑھیا کو بلوایا۔ اور بیگمات کے پاس حرم میں بھیجا۔ معلوم ہوا۔ کہ بوڑھیا کی دو بیٹیاں ہیں جن کا بیاہ نہیں ہوا۔ اور دو چھوٹے بچے ہیں۔ دو سو روپیہ خود عنایت کیا۔ اور بیگمات نے زر و جواہرات سے مالا مال کر دیا۔ اس پر بھی خوف خدا سے دل متردد رہا کہ خدا جانے پن چکی بند ہونے پر بوڑھیا اور اس کے بچوں کو کیا تکلیف پہنچی ہوگی۔ دو روز کے بعد پھر پالکی بھیجکر منگایا اور لڑکی کی شادی کے لئے دو ہزار روپیہ مرحمت فرمایا شہزادوں اور بیگمات نے اس کے علاوہ روپیہ و اشرفیاں کی بارش برسا دی یہاں تک کہ چند روز میں بڑھیا امیر ہو گئی پن چکی کیا بند ہوئی کہ قسمت کے دروازے کھل گئے۔

زکام ایک متعدی مرض ہے

مشہور فرانسیسی ڈاکٹر موسیو لونا بلیس دی روج کی رائے

ہم زکام کی چنداں پروا نہیں کرتے اور اسے موسم اور موسمی تبدیلیوں کی طرح ناگزیر سمجھنے کے عادی ہو گئے ہیں۔ کتنے لوگ ان عظیم اخراجات کا تصور کر سکتے ہیں جن کا ہمیں اس بظاہر معمولی بیماری کے باعث متحمل ہونا پڑتا ہے۔ اندازہ لگایا گیا ہے۔ کہ اوسطاً ہر سال میں تین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دن ہم زکام کے باعث کام نہیں کر سکتے۔ آمدنی کے نقطۂ خیال سے اس کے یہ معنی ہوئے۔ کہ ایک ملک کی کام کرنے والی آبادی کو ہر سال لاکھوں روپیہ کا نقصان اسی بیماری کی وجہ سے اٹھانا پڑتا ہے۔ ڈاکٹروں کی فیس اور دوا کا خرچ اس کے علاوہ رہا۔ زکام کی وجہ سے بچوں کی ذہنی اور جسمانی تربیت رک جاتی ہے۔ باہر کھلے میدانوں میں سیر و تفریح اور تعطیلات کے لئے خوشگوار اثرات اس سے زائل ہو جاتے ہیں۔ بسا اوقات اس سے گلا خراب ہو جاتا ہے۔ کان کی نالی اور ہوا کی نالی ماؤف ہو جاتی ہے۔ بلکہ نمونیا تک ہو جاتا ہے۔ اور ان میں سے بعض بیماریاں مستقل طور پر ہمارے جسم کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ زکام میں دیرینہ صورت اختیار کر لینے کا رجحان ہے جس سے ناک بند ہو جاتی ہے۔ اور رہ رہ کر کھانسی ہونے لگتی ہے۔ اور یہ شکایت محض تکلیف دہ نہیں بلکہ خطرناک بھی ہے۔ خاص کر ان لوگوں کے لئے جن کے آلات تنفس اور دل کمزور ہوں۔ بوڑھوں اور بچوں کے لئے خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ کیونکہ زکام بہت جلد برانکو نمونیا کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ جس سے شیر خوار بچے اور عمر رسیدہ اشخاص چند دنوں کے اندر مر جاتے ہیں۔

ایک مکار دشمن

ہم اس مکار دشمن کی چنداں پروا نہیں کرتے جو اپنی ظاہری صورت سے زیادہ خطرناک ہے۔ سوال یہ ہے۔ کہ یہ دشمن کیونکر پیدا ہوتا ہے۔ معمولی زکام جس سے سر میں یا چھاتی میں سردی محسوس ہوتی ہے۔ در اصل مختلف جراثیم کے مجموعہ کا زہریلا اثر ہے۔ یہ جراثیم اس قدر باریک ہوتے ہیں۔ کہ باریک سے باریک چھلنی میں سے گذر سکتے ہیں۔ اور خوردبین سے بھی دکھائی نہیں دیتے۔

زکام کے انسداد کے لئے ویکسین بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ جو کسی حد تک مشکور بھی ہوئی ہیں۔ لیکن یہ انسدادی علاج ابھی مکمل نہیں ہوا۔ لہذا ہمیں اپنی توجہ حفظ ماتقدم کی طرف مبذول رکھنی چاہیئے۔ جسم کو ڈھانپ کر رکھنا چاہیئے۔ لیکن اتنا نہیں کہ تکلیف دہ معلوم ہو۔ جوتا اس قسم کا ہو۔ کہ اس کے اندر پانی کا اثر بہ آسانی نہ کر سکے۔ سرد پانی سے ہاتھ منہ دھونے کی عادت ڈالنی چاہیئے۔ زیادہ گرم کمروں میں یا ایسے کمروں میں جہاں ہوا کی آمد و رفت کا خاطر خواہ انتظام نہ ہو۔ آنا جانا نہیں چاہیئے۔ اور کھڑکیوں کو کھلا چھوڑ سونے کی عادت ڈالنی چاہیئے۔ اور ناک صاف کرتے وقت پہلے صرف ایک نتھنے کو صاف کرنا چاہیئے جن بچوں یا بالغ اشخاص کا عمل تنفس درست نہ ہو یا جنہیں اکثر زکام رہتا ہو۔ انہیں ناک یا گلے کی بیماریوں کے ماہر خصوصی سے مشورہ کرنا چاہیئے۔ مناسب خوراک ضروری ہے۔ کیونکہ وٹامن کم ہو جانے سے زکام اور نزلہ بار بار ہو جاتا ہے۔ کثیر مجمع میں اور قہوہ خانوں اور سینما گھروں کی بند اور بسا اوقات آلودہ ہوا میں زیادہ دیر تک شامل ہونے بیٹھنے سے محترز رہنا ضروری ہے۔

زکام کے خلاف انسدادی تدابیر

اب سوال یہ ہے۔ کہ زکام کی حالت میں ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔ سب سے پہلی اور ضروری بات یہ ہے۔ کہ ہم گھر میں پڑ رہیں زکام کی حالت میں باہر پھرنا مناسب نہیں۔ کیونکہ اس سے بیماری نہ صرف بڑھتی ہے۔ بلکہ دوسرے بھی اس میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اگر زکام میں مبتلا اشخاص کو کسی طرح اپنے کمروں میں بند رہنے پر آمادہ کر لیا جائے تو ہر سال زکام کی وبا نہ پھیلے۔ خواہ آپ گھر پر ہوں یا باہر۔ بہر حال دوسروں کو بیماری میں مبتلا کرنے کے متعلق خاص احتیاط سے کام لینا ضروری ہے۔ کھانستے یا چھینکتے وقت منہ اور ناک پر رومال رکھنا چاہیئے۔ دوسروں سے باتیں کرتے وقت الگ تھلگ رہنا چاہیئے۔ بچوں کا منہ چومنے یا انہیں گھٹنوں پر اٹھانے سے بھی پرہیز کرنا چاہیئے۔ اگر ماں کو زکام ہو تو اسے اپنے بچہ کو اٹھاتے وقت اپنے منہ اور ناک پر رومال باندھ لینا چاہیئے۔ بچوں کے ہسپتالوں میں دایہ اسی طریقے پر کار بند ہوتی ہیں جس سے بھیڑ سے کی بیماریاں متعدیہ پیمانہ پر گھٹ گئی ہیں۔

ایسے اوقات پر بچے کے چمچے سے شوربے کو چکھنے یا بچے کی دودھ پینے والی بوتل کی ربڑ کی چوچی کو منہ لگانے کی بدعادت بے حد قابل اعتراض ہے۔ جہاں تک ممکن ہو مریض کو کمرے میں اکیلے سونا چاہیئے۔ اگر علیحدہ کمرے میں ممکن نہ ہو۔ تو اسے علیحدہ بستر پر تو ضرور سونا چاہیئے اس کے ہاتھ منہ دھونے کا سامان علیحدہ ہونا چاہیئے۔ اور اس کا کمرہ کافی گرم ہو۔ اور اس میں ہوا کی آمد و رفت کا بخوبی انتظام ہو۔ اسے اعتدال سے کھانا چاہیئے۔ اور گرم پانی افراط سے پینا چاہیئے۔

کھلی ہوا میں ورزش

چند دنوں کے بعد اس علاج سے سخت زکام بھی دور ہو جاتا ہے۔ اور اس کے پیچیدہ ہونے کا امکان باقی نہیں رہتا۔ جب بخار، کسل مندی۔ دردسر۔ اشتہا میں کمی اور سردی کی علامات نہ رہیں۔ تو باہر جانے میں کوئی ہرج نہیں بلکہ فی الحقیقت کھلی ہوا میں ورزش کرنی چاہیئے۔ بشرطیکہ موسم خراب نہ ہو۔ بہر حال کچھ مدت کیلئے قہوہ خانوں اور سینما گھروں اور دوسروں سے ملاقات کرنا اور رات کو زیادہ دیر تک باہر رہنے سے پرہیز کرنا عقلمندی میں داخل ہے۔ جو لوگ دفتروں اور کارخانوں میں کام کرتے ہیں۔ انہیں خصوصیت کے ساتھ اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے۔ کہ ان کی بیماری دوسروں کو نہ لگ جائے۔ بہت لوگ اس مضمون سے یہ خیال کریں گے۔ کہ ہم نے ایک معمولی بیماری کو بہت زیادہ اہمیت دیدی ہے۔

اگر انہیں ڈاکٹروں کیطرح اس بات کا علم ہو کہ کتنے بچے اور بالغ اور معمر اشخاص زکام کیطرف سے بے پرواہ ہونے کے باعث ہر سال مر جاتے ہیں۔ یا مستقل امراض میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔ تو وہ اپنی رائے کو بدل ڈالیں جو شخص اپنی اور اپنے بچوں کی صحت کا نگہبان ہونا چاہتا ہے۔ اسے معمولی سے معمولی بیماری کا بھی خیال رکھنا چاہیئے۔

حقیقی مساوات اور اسلام

ہم بغیر کسی تمہید کے عرض کرتے ہیں کہ تمام دنیائے عالم میں صرف اور صرف اسلام ہی ایک ایسا عالمگیر حریت پسند مذہب ہے جو اس پیغام کی منادی کرتا ہے۔

(۱) یاایھا الناس انا خلقناکم من ذکر و انثیٰ وجعلناکم شعوباً و قبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم (اے لوگو تم میں کوئی برہمن نہیں تم میں کوئی چھتری اور شودر نہیں) ہم نے تم سب کو ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا اور تم کو خاندانوں اور قبیلوں پر محض شناخت کے لئے تقسیم کیا لیکن حقیقتاً تم میں سے اللہ کے نزدیک باعزت اور بزرگ وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے۔ (قرآن شریف)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(۲) اسی طرح قرآن مجید میں دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے کہ انما المومنون اخوۃ ۔ تم سب کے سب (خواہ سید ہو یا مغل پٹھان ہو یا راعین، موچی ہو یا راجپوت) آپس میں بھائی بھائی ہو

؎ بندہ عشق شدی ترک نسب کن جامی
کہ دریں راہ فلاں ابن فلاں چیزے نیست

اسلامی مساوات کی ایک ڈلک

تاریخ کے طالبعلموں سے یہ واقعہ پوشیدہ نہیں کہ اسلام کے دوسرے خلیفہ حضرت فاروق اعظم عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرمانروائے عرب و عجم ایکدفعہ عازم بیت المقدس شام ہوئے آپ کے سفر میں آپ کیساتھ ایک غلام بھی تھا۔ ان کے پاس سواری ایک ہی تھی لیکن تاریخ اس امر پر شاہد ہے کہ یہ غلام اور آقا باری باری اس پر سوار ہوتے تھے جس وقت آپ جائے مقصود پر پہنچے اسوقت غلام سوار تھا اور وہ فرزند اسلام جو اسوقت آقا کی حیثیت میں تھا، سواری کی نکیل پکڑے جارہا تھا۔ یہ اسلام کی ایک جھلک اور تجلی اسلامی مساوات کی بین دلیل ہے۔ یہاں آقا اور غلام میں کوئی تمیز نہ تھی بلکہ سب کے سب بھائی بھائی تھے،

؎ لگایا تھا مالی نے اک باغ ایسا
نہ تھا جس میں چھوٹا بڑا کوئی پودا

اسلام میں بڑائی اور امیری، سرداری کا معیار کسی قومیت اور قبیلوں کو قرار نہیں دیا گیا بلکہ اس عظمت اور آبرو کا سب سے زیادہ مستحق وہ ہے۔ جو نیکی تقویٰ اور پرہیزگاری میں فوقیت رکھتا ہو چنانچہ اس اصول کی بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جانشینی اور خلافت کیلئے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا انتخاب عمل میں آیا۔ حالانکہ آپ کے چچا اور کئی چچازاد بھائی اور داماد موجود تھے حضرت صدیق اعظم نے بھی باوجود اس کے کہ آپ کے لڑکے موجود تھے۔ لیکن وراثت خلافت کا حقدار حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو قرار دیا۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اس حریت اور مساوات کی بنیاد پر ایک زمانہ میں غلاموں کی سلطنت ہندوستان میں بھی قائم رہ چکی ہے۔

اسلام میں ہر ایک کے ہاتھ پکا ہوا کھانا جائز ہے

ہندومت نے غریب اور مظلوم اچھوتوں کو اسقدر ذلیل قرار دیا ہے۔ کہ ان کے ہاں کا کھانا بھی جائز قرار نہیں دیا۔ لیکن اسلام اس بات کی اجازت دیتا ہے۔ کہ غیر مذاہب کی دعوت اور غریبوں کے ہاں کا بنایا ہوا کھانا (بشرطیکہ شریعت اسلامیہ کے خلاف نہ ہو) کھانا جائز ہے۔ اس اصول کو قائم کرنے کیلئے داعی اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہودی عورت کے گھر کا کھانا تناول فرمایا (مشکوۃ)

لیکن ادھر ہم دیکھتے ہیں۔ کہ اچھوت تو درکنار مسلمان یا کسی اور قوم کے ساتھ ہندوؤں کی کھانے پینے کی اشیاء چھو بھی جائے تو ان کے نزدیک کھانے کے قابل نہیں رہتیں فوراً پھینک دی جاتی ہیں۔ یا مویشی وغیرہ کو ڈال دی جاتی ہے۔ ایسے بیسیوں چشم دید واقعات ہیں۔

ہندوؤں کے عبادت خانوں میں ان بے چاروں کو داخل ہونے کی اجازت نہیں لیکن ادھر اسلام کی طرف دیکھئے ایک مسلمان جو عرب میں بھنگی کا کام کرتا ہے نماز کیوقت صاف کپڑے پہن کر دنیا کے ستر کروڑ (۷۰۰۰۰۰۰۰) مسلمانوں کی سب سے بڑی مسجد یعنی مکہ معظمہ میں سلطان ابن سعود کیساتھ کھڑا ہو کر نماز ادا کر سکتا ہے۔ اسلام کی ہر عبادت مساوات کا سبق سکھاتی ہے۔ نماز میں غریب امیر سید و موچی کی کوئی تمیز نہیں ہوتی۔ سب کے سب ملکر ایک ہی مسجد میں ایک ہی صف میں خدا کے آگے سربسجود ہو جاتے ہیں

؎ بندہ و صاحب محتاج و غنی ایک ہوئے
تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے

حج اسلام کا ایک اعلیٰ رکن ہے۔ اس موقعہ پر بھی غریب تنگدست بھنگی کا کام کرنے والا اور سلطان ابن سعود امیر کابل۔ رضا شاہ پہلوی، نظام دولت سلطنت عثمانیہ غرضکہ کوئی بڑے سے بڑا بھی کیوں نہ ہو ایک ہی لباس میں ننگے سر میدان عرفات میں کھڑے ہوتے ہیں۔ غریب کو وہاں اپنی عزت کی پروا نہیں اور کسی امیر کو وہاں اپنی بادشاہت کا گھمنڈ نہیں۔ غرضیکہ اسلام کا ہر کام ہر فعل ہر رکن دنیا کو مساوات کا درس دیتا ہے جو کہ یقیناً کسی دوسرے مذہب میں نہیں پائی جاتی۔ مسلمانوں میں ہر وہ شخص جو قابل ہو خواہ پیدائشی مسلمان ہو یا تو مسلم یہاں کوئی امتیاز نہیں باعث فخر اور قابل عزت ہے۔ مسلمان کسی کو جبراً مسلمان نہیں کرنا چاہتے۔ قرآن کریم ہمیں تعلیم دیتا ہے، لا اکراہ فی الدین ۔ کہ اسلام میں کوئی جبر نہیں۔ اگر اسلام جبراً اور بزور شمشیر پھیلا ہوتا تو آج دہلی، آگرہ، حیدرآباد وغیرہ جو کہ سلاطین اسلام کے مرکز تھے۔ وہاں ایک بھی غیر قوم کا فرد نظر نہ آتا غیر قوموں کا ان شہروں میں بکثرت آباد رہنا اس امر کی دلیل ہے۔ کہ اسلام روحانی شمشیر سے پھیلا ہے دین کے لئے لوہے اور فولاد کی تلوار استعمال کرنے کی اسلام اجازت نہیں دیتا۔ بس میں ان مختصر الفاظ پر اکتفار کرتا ہوا۔ اور اچھوت بھائیوں کی خدمت میں عرض کرتا ہوں۔ کہ آپ کسی مذہب کو قبول کرتے وقت اس مذہب کی تعلیم جو ان کی مقدس کتابوں میں مرقوم ہے۔ ملاحظہ فرمالیا کریں۔ ایسا کرنے سے انکشاف حقیقت ضرور ہو جائے گا۔ (ماخود)

کیا مسلمان فرقہ پرست ہیں؟

جب ہمارے برادران وطن محض اس کمزور بنیاد پر چین و جاپان سے اپنا رشتہ جوڑتے ہیں۔ کہ وہاں بدھ مذہب رائج ہے جو کبھی ہندوستان میں پیدا ہوا تھا۔ حالانکہ وہ ہندو مذہب سے بالکل مختلف تھا۔ اور ہے، اور اسی بنا پر زمانہ ماضی میں اس کے خلاف ایک طوفان برپا رہا تو اگر مسلمان ان لوگوں سے اپنا رشتہ جوڑیں جو واقعی طور پر اُن کے ہم مذہب ہیں، تو اس میں کیا قباحت ہے اور وہ کیوں لائق ملامت ہیں؟

مسلمانوں کے خلاف فرقہ پرست ہونے کا شرارت آمیز پروپیگنڈا اس شدت سے کیا گیا ہے۔ کہ بہت سے ناتربیت یافتہ اور ناتجربہ کار نوجوان مسلمان بھی اس پر فریب سیاست کا شکار ہو گئے ہیں۔ اور یہ سمجھنے لگے ہیں کہ واقعی مسلمان متعصب و فرقہ پرست ہیں۔ اسلئے وہ کسی اسلامی انجمن یا ادارہ کی مالی یا اخلاقی مدد کرنا پسند نہیں کرتے کیوں؟ صرف اس لئے کہ یہ انجمن یا ادارہ محض ایک جماعت کے فائدے کیلئے قائم کیا گیا ہے۔ اور ان کی ذات بابرکات چونکہ فرقہ پرستی سے بالاتر ہے اس لئے وہ کسی ایسی تحریک میں شریک نہیں ہو سکتے جو کسی ایک فرقہ کے ساتھ مخصوص ہو۔ یا اس کے فائدہ کیلئے جاری کی گئی ہو۔

یہ فریب خوردہ نوجوان یہ سمجھتے ہیں۔ کہ اس طرز عمل سے ان کی بلند نظری، بے تعصبی اور فراخدلی ثابت ہوگی اور وہ ہر فرقہ میں ہر دلعزیزی حاصل کر لیں گے۔ لیکن جب تجربہ کا وقت آتا ہے۔ تو انہیں اندازہ ہو جاتا ہے کہ اپنی خامکاری کی بدولت اب تک وہ شدید حماقت میں مبتلا تھے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

یہ اندازہ انھیں کبھی روزمرّہ کی زندگی میں اور کبھی کسی فرقہ وارانہ فساد کے موقع پر ہوتا ہے۔ جب وہ دیکھتے ہیں کہ وہ بزرگ جو کل تک فرقہ پرستی کے خلاف اُپدیش دیتے اور نہایت آزادانہ خیالات ظاہر فرماتے تھے۔ ایک کٹر فرقہ پرست کی صورت میں اُن کے سامنے ہیں۔ اور زبانِ حال سے فرما رہے ہیں کہ دیکھو "عملی سیاسیات" اس کا نام ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ جب کسی جماعت یا کسی تحریک کے خلاف مسلسل پروپگنڈا کیا جاتا ہے۔ تو لوگ خواہ مخواہ متاثر ہوتے ہیں۔ اور اس کو بُرا سمجھنے لگتے ہیں۔ اسی بنا پر آجکل "فرقہ پرستی" بہت بدنام ہے۔ کیونکہ اُس کے خلاف ملک میں مسلسل پروپگنڈا ہو رہا ہے۔ اور ستم ظریفی یہ ہے کہ یہ پروپگنڈا وہ لوگ کر رہے ہیں، جو اول درجہ کے فرقہ پرست ہیں اس لئے ضرورت ہے کہ مسلمان اس پر غور کریں کہ کیا وہ واقعی فرقہ پرست ہیں۔ اور اُن کی فرقہ پرستی (جیسا کہ کہا جاتا ہے) ہندوستان کی ترقی کی راہ میں حائل ہے؟

اس سلسلہ میں پہلی بات تو یہ سمجھ لینے کی ہے کہ ایک **مسلمان کا نصب العین** درحقیقت بہت بلند ہے مسلمان صرف "خدا پرست" ہوتا ہے۔ "وطن پرست" اور "قوم پرست" یا "فرقہ پرست" ہونا ایک مسلمان کے بلند نصب العین سے فروتر ہے۔ اور مسلمانوں کے لٹریچر میں کبھی اس قسم کے الفاظ استعمال نہیں کئے جاتے تھے۔ کیونکہ ایک مسلمان جو قولاً اور عملاً صرف خدا کی پرستش کرتا ہے۔ کبھی یہ تصور بھی نہیں کر سکتا کہ پرستش کا لفظ "خدا تعالیٰ" کے علاوہ کسی اور موقع کے لئے بھی استعمال ہو سکتا ہے۔ یہ لفظ موجودہ عہد کی ایجاد ہے۔ اور ان لوگوں کی ایجاد جو اپنی **غلامانہ ذہنیت** کی وجہ سے ہر چیز کی پرستش کے لئے آمادہ رہتے ہیں۔ لیکن افسوس کہ اب مسلمان بھی دوسروں کی کورانہ تقلید میں خود مسلمانوں کے متعلق یہ الفاظ استعمال کرنے لگے ہیں، جو لوگ وطن پرست یا قوم پرست ہونے پر فخر کرتے ہیں۔ بے شبہ اُن کے لئے آپ یہ لفظ استعمال کر سکتے ہیں۔ لیکن ایک مسلمان کو اس پستی میں اُترنے کی کیا ضرورت ہے،

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب ایک مسلمان "قوم پرست" یا "وطن پرست" نہیں ہے۔ تو کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ وہ وطن سے محبت نہیں کرتا۔ اور اس کی فلاح و ترقی نہیں چاہتا؟

غالباً کوئی احمق اور بے خبر بھی یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا کہ ایک سچا مسلمان طلب آزادی، جرأت، ایثار اور قربانی میں کبھی کسی سے پیچھے رہا ہے، آخر دنیا کو ان سب چیزوں کی تعلیم کس نے دی ہے؟ کیا دنیا کی وہ تمام قومیں جو آج آزادی کے نعرے لگا رہی ہیں یہ بتا سکتی ہیں کہ اسلام کی تعلیم عام ہونے سے پہلے اُن کے مذہب یا لٹریچر میں اس قسم کی تعلیم یا ہدایت موجود تھی؟ اگر یہ تعلیم دُنیا میں موجود ہوتی تو اسلام کی ضرورت نہ تھی، اسلام اسی لئے آیا کہ دنیا کی مظلوم اور ستم رسیدہ قوموں کو اپنے جیسے انسانوں کی غلامی سے نکال کر آزادی کی نعمت عطا کرے

اسلام اپنے اس عزم میں کامیاب ہوا۔ اور اس کی تعلیم کی بدولت مظلوم انسانوں نے پہلی دفعہ یہ محسوس کیا کہ آزادی اُن کا فطری حق ہے۔ اسلئے وہ بھی دوسروں کی طرح آزاد ہیں۔ اس دنیا کے بسنے والوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ سب سے پہلے ہمارے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے مکہ کی سرزمین پر نہایت بلند آہنگی سے دنیا کو اپنا یہ آخری پیغام سنایا کہ سب انسان خواہ وہ کسی ملک و قوم سے تعلق رکھتے ہوں برابر ہیں۔ کسی کو کسی پر بہ حیثیت انسان کوئی فضیلت و امتیاز نہیں ہے۔ البتہ جو کچھ امتیاز ایک کو دوسرے پر ہے وہ پرہیزگاری یعنی عمدہ سیرت اور خصائل کی بنا پر یعنی ایک خوش چلن انسان ایک بدچلن انسان سے مرتبہ میں زیادہ ہے۔

مسلمانوں نے اپنے پیغمبر کے اس فرمان پر عمل کیا۔ اور سارے امتیازات مٹا کر آپس میں بھائی بھائی بن گئے۔ وہ خود بھی آزاد ہوئے اور دوسری قوموں کو بھی آزادی بخشی، تاریخ نے مسلمانوں کے اس کارنامہ کو آج تک محفوظ رکھا ہے۔

یہ تو اسلام کی تعلیم کا شاندار رُخ ہے۔ اب دوسرا رُخ دیکھئے کہ آج بیسویں صدی میں جبکہ آزادی کے نعروں سے دشت و جبل گونج رہے ہیں، خود ہمارے ملک میں یہ حالت ہے کہ لاکھ دو لاکھ نہیں بلکہ کروڑوں انسان جو اسی ملک کے رہنے والے ہیں "اچھوت" اور "شودر" یعنی ذلیل و ناپاک سمجھے جاتے ہیں، اور اسقدر ذلیل کہ جن کے چھونے اور سایہ پڑ جانے سے بھی اونچی ذات والے انسان ناپاک ہو جاتے ہیں، اچھوت بیتاب ہیں کہ کب اس ذلیل و خوار حالت سے نکل کر آزادی حاصل کریں۔ مگر کہنہ رسم و رواج کی زنجیریں اس طرح اُن کے دست و گلو میں پیوست ہو گئیں ہیں کہ وہ آزاد نہیں ہو سکتے۔ لیکن مسلمان نے اب سے ساڑھے تیرہ سو برس پہلے ان **زنجیروں کو توڑ کر پھینک دیا تھا**، اور علی الاعلان کہہ دیا تھا کہ وہ ایام جاہلیت کے کسی رسم و رواج کا پابند نہیں۔ اور آئندہ کسی کا غلام بن کر نہیں رہ سکتا، جس قوم کی یہ تاریخ ہو اس کے متعلق یہ کہنا کہ وہ ہندوستان کی ترقی میں حائل ہے۔ یا غلامی کی زنجیروں کو مضبوط کر رہی ہے کس قدر ستم ظریفی ہے،

مسلمانوں کو فرقہ پرست اسلئے کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی قوم کی اخلاقی اصلاح اور فلاح ترقی کے لئے کسی قدر کوشش کر رہے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ دوسری ترقی یافتہ قوموں کی طرح وہ بھی دُنیا میں عزت کی زندگی بسر کریں، اگر اس کا نام فرقہ پرستی ہے۔ تو پھر ہمیں بتایا جائے کہ ہندوستان میں وہ کون سی قوم ہے جو فرقہ پرست نہیں ہے؟ اور اپنی قوم کی فلاح و ترقی کے لئے نہیں بلکہ بربادی و بیخ کنی کے لئے کوشش کر رہے ہیں۔

بے شبہ یہ فرقہ پرستی یقیناً معیوب ہے کہ کوئی قوم دوسری قوموں کے حقوق غصب کر کے ناجائز فائدہ اُٹھانے کی کوشش کرے لیکن مسلمان دوسری قوموں کی حق تلفی نہیں چاہتے۔ خصوصاً موجودہ حالت میں جبکہ وہ علاوہ مالی کمزوری کے اقلیت کی حالت میں ہیں کس طرح یہ جرأت کر سکتے ہیں کہ سرمایہ دار اکثریت کے حقوق غصب کرنے کی کوشش کریں،

ریاست مانگرول کا ٹھیاواڑ میں

جشن سالگرہ سیمین اعلیحضرت نظام دکن و برار خلد اللہ ملکہٗ

حسب الحکم حضور نواب شیخ محمد جہانگیر میاں صاحب بہادر ولیعہد اقبالہ اعلیٰ حضرت سلطان دکن و برار سر میر عثمان علی خاں بہادر دام حشمتہٗ کی سیمیں سالگرہ کا شاندار جشن منایا گیا۔

بتاریخ ۱۹ فروری ۱۹۳۷ء بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں سٹیٹ مفتی مولانا حافظ محمد جمیل صاحب نے حضور نظام سرکار کے ازدیاد اقبال و حشمت اور درازی عمر کی دعا کی۔

۲۰ فروری ۱۹۳۷ء کو ریاست کے تمام مدارس کے طلبہ نے اعلیحضرت نظام سرکار کی درازی عمر و ترقی دولت و اقبال کی دعا کی۔ بعدہٗ ریاست کی طرف سے تمام مدارس کے طلبہ کو شیرینی تقسیم کی گئی اور جشن کی خوشی میں ایک روز کی تعطیل منائی گئی۔ بتاریخ ۲۲ ریاست کی جانب سے حضور سرکار نظام اور شاہی خاندان کو مبارکبادی کے تار ارسال کئے گئے۔

(نامہ نگار ریاست مانگرول)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وصایا

وصیت نمبر ۴۷۰۳

میں عبدالغنی ولد مستری محمد الدین قوم بھٹی پیشہ معماری عمر بائیس ۲۲ سال تاریخ بیعت ۱۹۳۰ء سکنہ قادیان ڈاک خانہ قادیان تحصیل بٹالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ ۱۴ دسمبر ۱۹۳۶ء حسب ذیل وصیت کرتا ہوں

میری اس وقت کوئی جائداد نہیں ہے۔ میرا گذارہ صرف ماہوار آمدنی پر ہے جو کہ مبلغ ۱۶ء روپیہ ماہوار ہے میں اپنی ماہوار آمدنی کی وصیت ۱/۱۰ حصہ بحق صدر انجمن احمدیہ قادیان کرتا ہوں۔ میرے مرنے کے بعد اگر کوئی اور جائداد ثابت ہوگی تو اس کی بھی ۱/۱۰ حصہ کی صدر انجمن احمدیہ قادیان مالک ہوگی۔

العبد:۔ عبدالغنی بقلم خود گواہ شد۔ بقلم خود مستری محمد الدین۔ گواہ شد۔ محمود احمد۔ احمدیہ میڈیکل ہال قادیان

وصیت نمبر ۴۷۰۴

